المقربون
تعلیم و تبلیغ
13

Read & Download

# متفرق وظائف و اذکار



تالیف
حافظ عبد الوہاب
شیخ الحدیث: جامعہ محمدیہ، ملکے کلاں، سیالکوٹ
امام وخطیب: مسجد الجامع القدس، گوہد پور، سیالکوٹ

دار المقربون
DARULMUQARRABOON
سعد گرافکس
0323-4162260

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## اسلام میں داخل ہونے کا کلمہ اور دعا:

1۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ (کتاب الاسماء والصفات للبیہقی:195)

”اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں“۔

2۔ أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ (سنن نسائی:186)

”میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بے شک محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں“۔

## اسلام میں داخل ہونے کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ۔ (صحیح مسلم:2697۔35)

”اے اللہ! مجھے معاف کردے، مجھ پر رحم کر، مجھے ہدایت دے، مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے“۔

## علم کے متعلق دعائیں:

1۔ ﴿رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾۔ ”اے میرے رب! مجھے علم میں زیادہ کر“۔ (سورۃ طٰہٰ، 114:20)

2۔ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ، وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ، وَزِدْنِيْ عِلْمًا۔

”اے اللہ! مجھے نفع دے اس کے ذریعے سے جو تو نے مجھے سکھایا ہے اور مجھے سکھا وہ کچھ جو مجھے نفع دے اور مجھے علم میں زیادہ کردے“۔ (جامع ترمذی:3599)

## شیطان سے پناہ مانگنے اور اس کو دور بھگانے والی دعا:

﴿رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ﴾۔

”اے میرے رب! میں شیطانوں کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے میرے رب! میں اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں“۔ (سورۃ المؤمنون، 23:97، 98)

## ایمان و عقیدہ میں شیطانی وسوسہ کے وقت کی دعا:

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ۔ ”میں اللہ پر ایمان لایا ہوں“۔ (صحیح مسلم:134۔212)

## لڑائی اور جنگ کے وقت کی دعائیں:

1۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِيْ، وَاَنْتَ نَصِيْرِيْ وَبِكَ اُقَاتِلُ۔ (جامع ترمذی:3584)

”اے اللہ! تو ہی میرا دست و بازو ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے، تیری توفیق سے ہی میں لڑائی کرتا ہوں“۔

2۔ اَللّٰهُمَّ نَزِّلْ نَصْرَكَ۔ ”اے اللہ! اپنی مدد نازل فرما“۔ (صحیح مسلم:1776۔79)

## دشمن کے خلاف دعائیں:

1۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

”اے اللہ! یقیناً ہم تجھے ان کے سامنے کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ میں آتے ہیں“۔(سنن ابوداود:1537)

2۔ اَللّٰھُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ۔(صحیح مسلم:3005۔73)

”اے اللہ! جیسے تو چاہے میرے لیے ان کے مقابلے میں کافی ہو جا“۔

## غصے کے وقت کی دعا:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔(صحیح بخاری:6115)

”میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے“۔

## چھینک کے متعلق دعائیں:

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے، تو وہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ ”ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کے لیے ہے“۔(سنن ابوداود:5033)

یا کہے:(جامع ترمذی:2738)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔ ”تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں ہر حال میں“۔

اس چھینکنے والے کو جواب میں اس کا بھائی یا دوست کہے:

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ۔ ”اللہ تجھ پر خاص رحمت فرمائے“۔

پھر جب وہ اسے يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ چکے، تو چھینکنے والا پھر جواب میں کہے:

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔(صحیح بخاری:6224)

”اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمھاری حالت درست کرے“۔

## بارش حاصل کرنے کے متعلق دعائیں:

1۔ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ ، وَبَهَآئِمَكَ ، وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ ، وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ۔(سنن ابوداود:1176)

”اے اللہ! اپنے بندوں اور جانوروں کو پانی پلا اور اپنی رحمت کو پھیلا اور اپنے مُردہ شہر کو زندگی عطا فرما“۔

2۔ اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا، مَرِيْئًا مَرِيْعًا، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ، عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ۔(سنن ابوداود:1169)

”اے اللہ! ہمیں ایسا پانی پلا جو ہماری پیاس بجھا دے، ہلکی پھواریں بن کر غلہ اُگانے والا نفع دینے والا ہو، نہ

کہ نقصان پہنچانے والا، جلد آنے والا ہو، نہ کہ دیر سے آنے والا‘‘۔

## تیز ہوا چلتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا ، وَخَیْرَ مَا فِیْھَا ، وَخَیْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِہٖ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا ، وَشَرِّ مَا فِیْھَا ، وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِہٖ ۔(صحیح مسلم:899۔15)

’’اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کی خیر وبھلائی کا، اس خیر کا جو کچھ اس میں ہے اور اس خیر کا جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کی بُرائی سے، اس بُرائی سے جو کچھ اس میں ہے اور اس بُرائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے‘‘۔

## ناپسندیدہ ہوا چلتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَخَیْرِ مَآ اُمِرَتْ بِہٖ ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَآ اُمِرَتْ بِہٖ ۔

’’اے اللہ! ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں اس ہوا کی خیر وبھلائی کا اور اس خیر کا جو اس میں ہے اور اس خیر کا جس کا اسے حکم دیا گیا ہے اور ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس ہوا کی بُرائی سے اور اس بُرائی سے جو اس میں ہے اور اس بُرائی سے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے‘‘۔(جامع ترمذی:2252)

## بادلوں کے نمودار ہوتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا ۔(سنن ابوداؤد:5099)

’’اے اللہ! میں اس کی تباہ کاریوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں‘‘۔

## بارش اُترتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ صَیِّبًا ھَنِیْئًا ۔(سنن ابن ماجہ:3890)

’’اے اللہ! اسے نفع بخش اور خوشگوار بنادے‘‘۔

## نفع مند بارش کے وقت کی دعا:

مُطِرْنَا بِرَحْمَۃِ اللّٰہِ وَبِرِزْقِ اللّٰہِ وَبِفَضْلِ اللّٰہِ ۔(صحیح بخاری:4147)

’’ہمیں اللہ کی رحمت، اللہ کی توفیق اور اللہ کے فضل سے بارش ملی ہے‘‘۔

## نقصان دہ بارش کے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا ، وَلَا عَلَیْنَا ، اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْجِبَالِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ۔(صحیح بخاری:1013)

''اے اللہ! ہمارے آس پاس برسا ہم پر نہیں، اے اللہ! ٹیلوں، پہاڑوں، جنگلوں، اونچی جگہوں، وادیوں اور درختوں کے اُگنے کی جگہوں پر برسا''۔

## کسی کی تعریف کرنے کے مسنون الفاظ:

أَحْسِبُ فُلَانًا، وَاللّٰهُ حَسِيْبُهُ، وَلَا أُزَكِّيْ عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا ۔ (صحیح بخاری:6162)

''فلاں کے متعلق میرا خیال یہ ہے، یقینی طور پر اللہ ہی اس کا حساب جانتا ہے، میں تو اللہ کے مقابلے میں کسی کا تزکیہ نہیں کرتا''۔

## گھبراہٹ کے وقت بولے جانے والے مسنون الفاظ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ''اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں''۔(صحیح بخاری:3346)

## تعجب اور حیرانی کے وقت پڑھے جانے والے مسنون الفاظ:

1۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ۔ ''اللہ پاک ہے''۔(صحیح بخاری:115)

2۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ ''اللہ سب سے بڑا ہے''۔(صحیح بخاری:610)

## کسی نعمت کے حصول کے وقت کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ ''ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کے لیے ہے''۔(سنن ابن ماجہ:3805)

## غیر اللہ کی قسم کا کفارہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ''اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں''۔(سنن ابن ماجہ:2096)

## بدشگونی کے کفارہ کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ، وَلَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ، وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

''اے اللہ! تیری خیر کے علاوہ کوئی خیر نہیں، تیرے شگون کے علاوہ کوئی شگون نہیں اور تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں''۔(مسند احمد:7045)

## دلوں کی ثابت قدمی کی دعائیں:

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ۔(صحیح مسلم:2654۔17)

''اے اللہ! دلوں کو پھیرنے والے، ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت پر پھیر دے''۔

## دوسرے کی ثابت قدمی اور ہدایت کے لیے دُعا:

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ، وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا۔(صحیح بخاری:4356)

''اے اللہ! اسے ثابت رکھ اور اسے ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والا بنا دے''۔

## خوش خبری ملتے وقت کرنے والا کام:

خوش خبری ملتے وقت نبی ﷺ اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے سجدہ ریز ہو جاتے تھے۔(سنن ابوداؤد:2774)

## صدقہ اور زکوٰۃ ادا کرنے والے کے لیے دعا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی آلِ فُلَانٍ۔(صحیح بخاری:1497)

''اے اللہ! فلاں کی آل پر صلوٰۃ بھیج''۔

## احسان اور نیکی کرنے والے کے لیے دعا:

جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا ۔ ''اللہ تجھے بہتر بدلہ عطا کرے''۔(جامع ترمذی:2035)

## ہدایت پر قائم اور سیدھا درست رہنے کی عظیم دعا:

اَللّٰھُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ۔(سنن نسائی:5212)

''اے اللہ! مجھے ہدایت پر قائم رکھ اور مجھے سیدھا درست رکھ''۔

## بیماریوں سے تحفظ کی دعا:

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُوْنِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ۔ (سنن ابوداؤد:1554)

''اے اللہ! بے شک میں برص، جنون، کوڑھ اور بُری بیماریوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں''۔

## پسندیدہ چیز دیکھتے وقت کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔ (سنن ابن ماجہ:3803)

''تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جس کی نعمت سے تمام نیک کام پایہ تکمیل کو پہنچتے ہیں''۔

## غیر پسندیدہ چیز دیکھتے وقت کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔ (سنن ابن ماجہ:3803)

''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں ہر حال میں''۔

## سب سے افضل دُعا (عافیت مانگنا):

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْٓ أَسْأَلُكَ الْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔(سنن ابن ماجہ:3851)

''اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں''۔

## جانور ذبح کرتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللهِ وَاللهُ اَكْبَرُ۔ (صحیح مسلم:1966۔18)

''اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ سب سے بڑا ہے''۔

## پہلا پھل دیکھنے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا ، وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا ۔ (صحیح مسلم:1373۔473)

''اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے پھل میں برکت دے، ہمارے لیے ہمارے شہر میں برکت دے، ہمارے لیے ہمارے صاع میں برکت دے اور ہمارے لیے ہمارے مُد میں برکت دے''۔ (صاع اور مُد ناپ تول کے پیمانے ہیں)

## اپنے جسمانی اعضاء کے شر سے محفوظ رہنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ، وَمِنْ شَرِّ بَصَرِيْ، وَمِنْ شَرِّ لِسَانِيْ، وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ، وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ ۔(سنن ابوداؤد:1551)

''اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے کان کی بُرائی سے، اپنی آنکھ کی بُرائی سے، اپنی زبان کی بُرائی سے، اپنے دل کی بُرائی سے اور اپنے مادہ مَنویہ کی بُرائی سے''۔

## مرغ بولتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ۔ (صحیح بخاری:3303)

''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں''۔

## گدھا رینکتے اور کتا بھونکتے وقت کی دعا:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۔(سنن ابوداؤد:5103)

''میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے''۔

## اسم اعظم والی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۔(جامع ترمذی:3544)

''اے اللہ! تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو احسان کرنے والا ہے، آسمانوں وزمین ابتدا سے پیدا کرنے والا ہے، اے بزرگی اور عزت والے!''۔

## دجال سے بچاؤ کا وظیفہ:

ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورۂ کہف کی پہلی دس (10) آیتیں یاد کرلیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔(صحیح مسلم:809۔257)

## پانچ چیزوں سے پناہ کی عظیم دُعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰٓی اَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔ (صحیح بخاری:6365)

”اے اللہ! میں بخل سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور میں بزدلی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ ناکارہ عمر کی طرف لوٹا دیا جاؤں اور میں دنیا کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں“۔

## قرآنِ مجید کی سب سے عظمت والی آیت:

آیۃ الکرسی: ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾۔ (صحیح مسلم:810۔258)

## موت کے وقت کا مسنون ذکر اور وظیفہ:

1۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِیْكَ لَهٗ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (سنن ابن ماجہ:3794)

”اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے۔اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں۔اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے ہر قسم کی تعریف ہے۔اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ کی توفیق و مدد کے بغیر گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت نہیں“۔

2......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کا آخری کلام یہ ہوگا وہ جنت میں داخل ہوگا۔(سنن ابوداؤد:3116)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ”اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں“۔

مسجد الجامع القدس اہلحدیث
ہیڈ مرالہ روڈ، گوہد پور چوک، سیالکوٹ
0335-4162260,0303-3337273 DarUlMuqarraboon@gmail.com
/ALMUQARRABOON www.almuqarraboon.com